## بیک ٹو ولیج مرحلہ سوم اور 14 ویں مالیاتی کمیشن کے کام

# ضلع ترقیاتی کمشنر پونچھ نے ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا

جے بی سنگھ

پونچھ//ضلع ترقیاتی کمشنر پونچھ اندر جیت نے ضلع میں ترقیاتی کاموں کی صورتحال پر تبادلہ خیال کرنے کے لئے افسران/سرپنچوں کے ساتھ منعقدہ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ میٹنگ کے دوران بیک ٹو ولیج پروگرام مرحلہ سوم اور چودھویں مالیاتی کمیشن کاموں، پی ایم اے وائی گرامین، منریگا کاموں کی حالت، تمام زیر التوا کاموں کی تکمیل اور ترقیاتی کاموں سے متعلق مختلف مسائل پر تبادلہ خیال کی۔ میٹنگ کے دوران ضلع کمشنر نے بیک ٹو ولیج 3 کاموں اور 14 ویں ایف سی کاموں کی تخمینہ، ٹینڈرنگ، الاٹمنٹ اور تکمیل کے حوالے سے تفصیل اوراپ ڈیٹ بلاک وار اعداد و شمار طلب کئے۔ ایگزیکٹیو انجینئر محکمہ بجلی نے میٹنگ میں بتایا کہ بیک ٹو ولیج 3 کے تحت کل 237 کاموں میں سے 97 کام مکمل ہو چکے ہیں اور 59 پر کام جاری ہے، جو ایک ہفتے میں مکمل کر لیا جائے گا۔ باقی کاموں کے لئے اے سی پی کو ہدایت دی گئی کہ وہ متعلقہ سرپنچوں کے ساتھ کچھ تبدیلیاں کرتے ہوئے کاموں کی بروقت تکمیل کے لئے رابطہ کریں۔ 14 ویں ایف سی کے کاموں کے بارے میں ضلع کمشنر نے اے سی پی اور بی ڈی اوز کو






ہدایت کی کہ باقی تمام کام ٹائم لائن میں مکمل کریں۔ انہوں نے ایگزیکٹیو انجینئر جل شکتی کو شرکائ/پنچائت نمائندگان کی طرف سے اٹھائی گئی تمام شکایات کے بروقت تصفیہ کی ہدایت کی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو سختی سے ہدایت کی کہ مقررہ مدت میں سو فیصد اہداف حاصل کریں۔ سرپنچوں کی جانب سے شوکت چودھری نے مذکورہ میٹنگ کو شیڈول کرنے پر ضلع کمشنر کا شکریہ ادا کیا۔ آخر میں ضلع ترقیاتی کمشنر نے تمام سرپنچوں کو یقین دلایا کہ ان کی طرف سے جاری کردہ مسئلہ کو مقررہ وقت میں حل کیا جائے گا۔ میٹنگ میں اسٹنٹ کمشنر ڈیولپمنٹ عابد حسین شاہ، اسٹنٹ کمشنر پنچایت شفیق میر، ایگزیکٹیو انجینئر محکمہ بجلی ارشاد حسین، ایگزیکٹیو انجینئر محکمہ پی ایچ ای راجیش سیٹھی، تمام بلاک ڈیولپمنٹ افسران، اسٹنٹ ایگزیکٹیو انجینئر، جونیئر انجینئروں کے علاوہ سرپنچ بھی موجود تھے۔